© rasailojaraid.com



● حضرت مولانا عبدالحکیمؒ بھی بالآخر اللہ کو پیارے ہوگئے انا للہ وانا الیہ راجعون ان کا تعلق ہزارہ کے علاقہ ٹبگرام سے تھا، دارالعلوم دیوبند کے فاضل تھے، حضرت مولانا غلام غوث ہزارویؒ کے تربیت یافتہ اور بے باک عالم دین تھے، راولپنڈی میں جامعہ فرقانیہ کے سربراہ تھے ۷۰ئہ میں جمعیۃ علماء اسلام کے ٹکٹ پر ٹبگرام سے الیکشن لڑا اور علاقہ کے نواب کو شکست دے کر قومی اسمبلی میں جا پہنچے جمعیۃ علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور پھر نائب امیر رہے، کچھ عرصہ سینٹ آف پاکستان کے ممبر بھی رہے، حق گو اور دبنگ بزرگ تھے، لگی لپٹی رکھنے کی عادت نہ تھی، علاقہ میں چھوٹے طبقوں کے حقوق کے لیے ہمیشہ برسرپیکار رہے اللہ تعالےٰ ان کے درجات بلند فرمائیں، نیکیاں قبول کریں، سیئات سے درگزر فرمائیں، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازیں اور ان کے اہل خانہ، رفقاء اور معتقدین کو صبر و حوصلہ کے ساتھ ان کی حسنات کا سلسلہ جاری رکھنے کی توفیق دیں، آمین یارب العالمین۔

● حضرت مولانا نجم الحسن تھانویؒ کا انتقال دینی و علمی حلقوں کے لیے گہرے صدمہ کا باعث ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کا تعلق حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ العزیز سے تھا اور بہت قریبی تعلق تھا اس تعلق کو انہوں نے مشن بنا کر آخر وقت تک نبھایا حضرت تھانویؒ کے منتسبین کو "مجلس صیانۃ المسلمین" کی لڑی میں پروئے رکھنے کے لیے انتھک جدوجہد کی اور اسمیں کامیاب بھی رہے حضرت تھانویؒ کے عاشقِ زار تھے اور حضرت رحمہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات و فرمودات ہی آخر دم تک ان کا اوڑھنا بچھونا رہے اپنے شیخ سے ایسا مخلصانہ اور والہانہ تعلق کم لوگوں کو نصیب ہوتا ہے اب وہ اپنے عظیم شیخ کے پاس جا پہنچے اللہ تعالےٰ انہیں بلند درجات سے نوازیں۔ آمین یارب العالمین۔

● ملک میں عیسائی مشنریوں کی سرگرمیوں کے تعاقب میں اسلامی مشن سنت نگر لاہور کی مسلسل خدمات اہلِ نظر سے مخفی نہیں ہیں درد واحساس سے بہرہ ور چند حضرات نے اس کام کا بیڑا اٹھایا اور اپنے محدود وسائل و ذرائع کی حد تک وہ اس مشن میں پیہم مصروف ہیں ان میں خواجہ نذیر احمد بٹ صاحبؒ کا نام سرفہرست ہے جن کا گزشتہ روز انتقال ہوگیا ہے انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم اسلامی مشن کے صدر رہے ہیں متعدد رسائل کے مصنف ہیں ماہنامہ طب وصحت کے مدیر بھی رہے ہیں، بائیبل کے متن پر انہیں خاصا عبور تھا اور انہیں بائیبل کا حافظ کہا جاتا تھا اللہ تعالیٰ انکی مغفرت فرمائیں اور پسماندگان کو صبرِ جمیل کی توفیق دیں۔ آمین۔

© rasailojaraid.com